## آئینی اصلاحاتی کمیٹی کی جانب سے اٹھارہویں آئینی ترمیم کے مسودے کی منظوری پر پوری قوم کو الطاف حسین کی مبارکباد

## صوبہ سرحد کا نام ” خیبر پختونخوا “ رکھے جانے پر صوبہ کے عوام، سیاسی جماعتوں اور منتخب نمائندوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ الطاف حسین

## مسودے کی تکمیل پر کمیٹی کے تمام ارکان اور کمیٹی کے چیئرمین رضا ربانی کو الطاف حسین کی خصوصی مبارکباد

## کمیٹی میں شامل ایم کیوایم کے ارکان ڈاکٹر فاروق ستار اور حیدر عباس رضوی کو انکی کاوشوں پر الطاف حسین کا خراج تحسین

لندن۔۔۔یکم اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پارلیمنٹ کی آئینی اصلاحاتی کمیٹی کی جانب سے اٹھارہویں آئینی ترمیم کے مسودے کی اتفاق رائے سے منظوری پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آئینی ترمیم کے مسودے کی منظوری پاکستان میں آئین وقانون کی حکمرانی، پارلیمنٹ کی بالادستی، صوبائی خودمختاری کے حصول اور جمہوریت کے استحکام کی جانب ایک اہم قدم ہے جس پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔ جناب الطاف حسین نے آئینی ترمیم کے ذریعے صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرکے ” خیبر پختونخوا “ رکھے جانے پر صوبہ کے تمام عوام، سیاسی جماعتوں اور منتخب نمائندوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پارلیمنٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندوں نے اس آئینی ترمیم کے مسودے کی تیاری کے سلسلے میں جس طرح فہم وفراست اور تدبر کا مظاہرہ کیا اور کئی ماہ تک محنت وجانفشانی سے کام کیا اس پر آئینی اصلاحاتی کمیٹی کے تمام ارکان زبردست مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جناب الطاف حسین نے آئینی مسودے کی تکمیل اور منظوری کے سلسلے میں کمیٹی کے چیئرمین رضا ربانی کے کردار کو سراہا اور انہیں خصوصی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کمیٹی میں شامل ایم کیوایم کے ارکان ڈاکٹر فاروق ستار اور حیدر عباس رضوی کو بھی ان کی کاوشوں پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## کورنگی اور لانڈھی میں لینڈ مافیا کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکنان محمود خان اور شہزاد علی شہید

## شہید محمود خان کو سینکڑوں سوگوار کی آہوں اور سسکیوں میں کورنگی نمبر 6 کے قبرستان میں سپرد خاک

## نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندوں کی شرکت، ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم اپریل 2010ء

کورنگی میں جرائم پیشہ اور لینڈ مافیا عناصر کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکن محمود خان شہید ہوگئے اور لانڈھی میں شہزاد علی شہید، تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ A-73 مہران ٹاؤن کے کمیٹی ممبر محمود خان کو لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ افراد کی فائرنگ نے کرکے اس وقت شہید کردیا جب وہ مہران ٹاؤن سے اپنی رہائشگاہ واپس جارہے تھے کہ جرائم پیشہ لینڈ مافیا کے لوگوں نے ان پر فائرنگ کردی جس کے باعث وہ شہید ہوگئے۔ محمود خان شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکوں کے درمیان کورنگی نمبر 6 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل (خالد عمر)، ارکان سندھ اسمبلی عامر معین پیرزادہ، علیم الدین، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور لانڈھی میں ایم کیوایم کے کارکن شہزاد علی کو اسماعیل گوٹھ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے محمود خان اور شہزاد علی کی المناک شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمود خان شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی جانب فائرنگ کرکے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمود خان کو شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ محمود خان کے قتل میں ملوث لینڈ مافیا کے جرائم پیشہ کو گرفتار کیا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کو شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھارہا اور وہ شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے ایک بار پھر ایم کیوایم کے معصوم ونہتے کارکنان کو نشانہ بنارہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کورنگی میں محمود خان کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے محمود خان شہید اور شہزاد علی شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کورنگی میں ایم کیوایم کے کارکن کا قتل کا نوٹس لیا جائے اور قتل میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کیا جائے

## ایم کیوایم کے وفد کی صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات، اٹھارویں ترمیم کی اتفاق رائے سے منظوری پر مبارکباد

اسلام آباد پ۔۔۔یکم اپریل 2010ء

جمعرات کو متحدہ قومی موومنٹ کے ایک وفد جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار اور بابر خان غوری شامل تھے ۔صدر مملکت جناب آصف علی زرداری سے ملاقات کی ۔ایم کیوایم کے وفد نے صدر کو اٹھارویں ترمیم کی اتفاق رائے سے منظوری پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان مکالمہ ہوتے رہنا چاہیئے اوراب وقت آ گیا ہے کہ غربت، بے روزگاری اور لوڈ شیڈنگ جیسے دیگر مسائل کے حل کیلئے بھی عملی اقدامات کیے جائیں ۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کل پریس کانفرنس کریں گے۔ایم کیوایم اعلامیہ

لاہور۔۔۔1،اپریل،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون منسٹر آئی ٹی سندھ،سیف یار خان،ڈاکٹر علی حسین چوہدری اور افتخار اکبر رندھاوا کل لاہور پریس کلب میں پریس کانفرنس کریں گے اس پریس کانفرنس میں پاکستان کےعوام بالخصوص پنجاب کےعوام کے لئے ایک اہم خوشخبری کا بھی اعلان بھی کیا جائے گا ،اس پریس کانفرنس کے بعد پنجاب کے چاروں زونل آفسز میں بھی پریس کانفرنسز کی جائیں گی ۔

## خاتون کے جاں بحق ہونے کے بعد جناح اسپتال لاہور میں عملے کے ارکان کی جانب سے صحافیوں پر تشدد کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔یکم اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور کے جناح اسپتال میں خاتون کے جاں بحق ہونے کے بعد اسپتال کے عملے کے ارکان کی جانب سے کوریج کیلئے جانے والے صحافیوں کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے آزادی صحافی کے منافی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ صحافیوں پر تشدد میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ جناح اسپتال لاہور میں عملے کے ارکان کی جانب سے کوریج کیلئے آنے والے صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے اورانہیں مغلظات بکنے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور واقعہ کی غیر جانبدار تحقیقات کرا کر ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ملک کی تعمیر وترقی اورعوام کی فلاح و بہبود میں سب سے بڑی رکاوٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے، انچارج لیبر ڈویژن بلدیات ایجوکیشن یونٹ کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔یکم اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے کہا ہے کہ ملک کی تعمیر وترقی اورعوام کی فلاح و بہبود میں سب سے بڑی رکاوٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے،ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد 98 فیصد مظلوم عوام کو ان کا جائز حق دلانا ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلدیات ایجوکیشن یونٹ کے جنرل ورکرز اجلاس میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے لیبر ڈویژن اراکین محمد اسرائیل، تحسیم الحق (خرم) کمال الدین،منظور شیخ اور ذکی قادری کے علاوہ بلدیات ایجوکیشن یونٹ کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وسیم قریشی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف نہ صرف آواز بلند کی بلکہ 98 فیصد غریب مظلوم عوام کو ان کا حق دلانے کا بیڑا اٹھایا اورایم کیوایم کی صورت میں عملی جدوجہد کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج الطاف حسین کی اس جدوجہد میں غریب ومتوسط طبقے عوام کے ساتھ ساتھ غریب محنت کش بھی ان کے شانہ بشانہ ہیں اور۔وہی تحریکیں ہمیشہ کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہیں جو اجتماعی مقاصد کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہوں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں بہت جلد تاریخ ساز کنونشن کا انعقاد استحصالی عناصر کے خاتمے کی نوید لے کر آئیگا۔وسیم قریشی نے بلدیات ایجوکیشن کے نومنتخب ذمہ داران وکارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں محسوس کریں اور قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام کو آگے بڑھاتے ہوئے نظم وضبط کو اپنا شعار بنائیں۔قبل ازیں لیبر ڈویژن کے ارکان نے بلدیات ایجوکیشن یونٹ کی تنظیم نو کا اعلان کیا اور نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد دی۔

## متحدہ قومی موومنٹ پاکستان میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کاانقلاب لاناچاہتی ہے۔فیصل فجاج ڈار

لاہور۔۔۔1،اپریل،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لاہورزون کمیٹی کے رکن فیصل فجاج ڈار نے ضلع ننکانہ صاحب کا تنظیمی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے موجودہ اجتماع سے بات کرتے ہوئے کہا ایم کیوایم پاکستان میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا انقلاب لانا چاہتی ہے اور جس طرح قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو عوام میں پذیرائی مل رہی ہے اور اب انشاللہ وہ وقت دور نہیں ہے جب پاکستان بالخصوص پنجاب کے عوام بھی ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوجائیں گے۔

## شکارپور کے قریب مسافر ویگن اورٹرک کے تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شکارپور ہمایوں گوٹھ کے قریب مسافر ویگن اورٹرک کے خوفناک تصادم کے نتیجہ میں متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے حادثے میں جاں بحق افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ قومی شاہراہوں پر حادثات کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں اورغفلت کے مرتب افراد کو قانون کے مطابق سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆